03/05/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عمر مختار سے خبریں سُنیے۔

صوبائی کمشنر

جموں و کشمیر سے سفر محمود پر کل روانہ ہونے والے عازمین کرام کی روانگی سے متعلق تمام تیاریوں اور انتظامات کو حتمی شکل دی گئی ہے ۔صوبائی کمشنر کشمیروجے کمار بدھوری نے حج ہاؤس بمنہ کا دورہ کرکے وہاں عازمین حج کی سہولیت کیلئے مختلف محکموں کی جانب سے فراہم کی جا رہی خدمات کااز خود جائزہ لیا۔ کمشنر موصوف نے بینکوں کی طرف سے قائم کونٹر اور بورڈنگ سہولیات کا خاص طو ر پرمعائینہ کیا۔E-Bracelet کونٹرسForex کئے گئے

ناظم تعلیم

ناظم تعلیم کشمیر ڈاکٹر جی این ایتونے کہا ہے تمام سرکاری اسکولوں میں بارویںجماعت کے سالانہ نتائج تسلی بخش ہیں۔ انہوں نے دسویں جماعت کے نتائج کو بھی سراہتے ہوئے کہا 438 سرکاری اسکولوں نے90فیصد کامیابی کی شرح حاصل کی ہے ، جبکہ 219اسکولوں نے اس سے بھی نمایاں کار کردگی کا مظاہرہ کرکے سوفیصد کامیابی کی شرح درج کی۔

انہوں نے مثالی کامیابی کیلئے طالب علموں کی محنت ، سرکاری اسکولوں کے تئیں والدین کے اعتماد اور اساتذہ کے رول کو اہم قرار دیا۔

عدولی

گذشتہ رات پاکستانی افواج نے کپواڑہ ، اوڑی اور اکھنور سیکٹروں میں لائن آف کنٹرول پر بلا اشتعال فائرنگ کی جس کا بھارتی افواج نے بھی موثر جواب دیا۔

جاویدڈار

زراعت اور دیہی ترقی کے وزیر جاوید احمد ڈار نے کھمبر سرینگرمیں قائم شیپ بریڈنگ فارم کی کار گذاری کا جائزہ لیا۔ انہوننے ساتھ ہی آسٹریلیا سے درآمد کی گئی ٹیکسل نسل کے بھیڑوں کا بھی مشاہدہ کیا۔

حضرت بل سلمان علی ساگر ، شیپ ہسبنڈی کشمیر کے ڈائریکٹر رفیق احمد MLAان کے ہمراہ اور دیگرمتعلقہ افسران بھی تھے۔

سے متعلق خبرWAVES اور اب

یعنی ورلڈ آڈیو ویژول اینڈ WAVES ممبئی کے جیو ورلڈ کنونشن سینٹر میں آج تیسرے روز بھی انٹرٹینمنٹ سمٹ کی سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیں۔ کل سمٹ میں گلوبل میڈیا ڈائیلاگ منعقد ہوا جس کی صدارت وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی اعلامیہ اختیار کیا گیا اور اس سیشن میں 77رکن ممالک WAVES ویشنو نے کی۔اس موقعے پر کے مند وبین نے تہذیب وتمدن کوآواز دینے پر اتفاق کیا۔

میڈیا سے با ت کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ نے نوجوان تخلیق کاروں کو اپنی صلاحتیں منظر عام پر لانے کا ایک اہم پلیٹ فارم فراہم WAVES کیا ہے۔

پریس ڈے

آج پریس کی آزدی کا عالمی دن ہے ۔ یہ دن پریس کی آزادی یقینی بنانے سے متعلق سرکاروں کے عزم کی یاد دہانی کا ایک موقعہ ہے۔ اس دن پر صحافیونکو در پیش مسائل اور ان کی طرف سے پیشہ ورانہ خدمات انجام دینے کے دوران قواعد و ضوابط پر عملدر آمد یقینی بنانے کی بھی یاد دہانی ہوتی ہے۔

اس دن ان صحافیوں کو بھی یاد کیاجاتاہے جنہوں نے اپنی پیشہ ورانہ خدمات کی انجام دہی کے دوران (خاص طور پر تنازعات والے علاقونمیں ) اپنی جانیں دی ہیں۔آج صحافت اور میڈیا کے شعبے پر مصنوعی ذہانت کے اثرات پر بھی غور و خوض کیا جائےگا۔

کپواڑہ

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ آیوشی سُدن نے جموں کشمیر سمادھان پورٹل کے تحت ضلع میں جاری اندراج کے عمل کا جائزہ لیا۔ انہوں نے عوامی شکایات کے بر وقت اور موثر طریقے پر اندراج کی اہمیت کواجاگرکیا۔

انہوں نے سرکاری خدمات تک رسائی حاصل کرنے اور تنازعات کا حل کرنے میں سمادھان پورٹل کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔

کولگام

میں Gownsargam ضلع ترقیاتی کونسل کولگام کے چیرپرسن محمد افضل پرے نے ضلع کے بادل پھٹنے کے سانحہ میں ایک نوجوان طار ق احمد پڈر کی ہلاکت پر گہرے صدمے کا اظہا رکیاہے۔

انہوں نے لواحقین کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرکے ضلع انتظامیہ سے متاثرہ کنبے کی مدد کرنے کا مطالبہ کیاہے۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ آج چھوٹی گاڑیونکیلئے دو طرفہ کھلی ہے جبکہ بڑی گاڑیوں کو یکطرفہ قاضی گنڈ سے جموں کی طرف چلنے کی اجازت ہوگی۔

کل کئی مقامات پر پسیاں اور چٹانیں کھسکنے کے نتیجے میں کئی گھنٹوں تک بند رہنے کے بعد نیشنل ہائی وے کو رات نو بجے کے قریب گاڑیوں کی آمد رفت کیلئے بحال کیا گیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت11 اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت21 اعشاریہ 7ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ